جنوری 97

اصحاب خیر سے ایک خصوصی گزارش

باسمہ تعالیٰ

مکرمی! السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ مزاج گرامی؟

گزارش ہے کہ الشریعہ اکیڈمی مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ گزشتہ سات برس سے علمی وفکری محاذ پر مسلسل سرگرم عمل ہے اور برادران اسلام میں دینی تعلیم کا ذوق پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ معاشرہ میں اسلام کے مکمل غلبہ ونفاذ اور دینی حلقوں میں دور حاضر کی ضروریات اور تقاضوں کا احساس بیدار کرنے کے لیے اپنی بساط کی حد تک محنت کر رہی ہے۔

اس مقصد کے لیے علمی وفکری مجلّہ "الشریعہ" کی مسلسل اشاعت کے علاوہ مختلف دینی عنوانات پر ایک درجن سے زائد کتابچے اور پمفلٹ چھپوا کر تقسیم کیے جا چکے ہیں اور وقتاً فوقتاً تعلیمی کانفرنسوں' تقریبات اور خصوصی کلاسوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ الشریعہ اکیڈمی کے اہداف میں ایک ایسے علمی مرکز کا قیام بطور خاص شامل ہے جہاں مختلف زبانوں میں اسلام کی دعوت وتبلیغ' فارغ التحصیل علماء کرام کو انگلش' تقابل ادیان' تقابل نظریات' اسلامی نظام حیات اور دیگر ضروریات سے بہرہ ور کرنے کے لیے تربیتی مرکز اور معاشرہ کے مختلف طبقات کے افراد کو ان کے شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے دینی مسائل واحکام کی تعلیم کے لیے خصوصی کورسز کا اہتمام کیا جائے گا۔ اس مقصد کے لیے اٹاوہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ میں شاہ ولی اللہ یونیورسٹی کے ساتھ چار کنال جگہ حاصل کی جا چکی ہے اور انشاء اللہ العزیز اسی سال عید الاضحیٰ سے قبل تعمیر کا کام شروع کیا جا رہا ہے۔ الشریعہ اکیڈمی کو کسی حکومت یا مالیاتی ادارے کی سرپرستی حاصل نہیں ہے اور نہ ہی اندرون ملک یا بیرون ملک چندہ کی وصولی کا کوئی روایتی سلسلہ موجود ہے۔ اکیڈمی کے اخراجات کا انحصار توکلاً علی اللہ محض دوستوں کے رضا کارانہ تعاون پر ہے اور اس کو باعث خیر وبرکت سمجھتے ہوئے اس پر قائم رہنے کا عزم ہے۔ الشریعہ اکیڈمی کے معمول کے سالانہ اخراجات کا تخمینہ دو لاکھ روپے ہے اور اس سال کے تعمیری اخراجات کا تخمینہ دس لاکھ روپے لگایا گیا ہے۔

آنجناب سے گزارش ہے کہ اس کار خیر میں ہمارے ساتھ شریک ہوں اور گراں قدر عطیات کے ساتھ معاونت فرما کر اپنے لیے صدقہ جاریہ کا اہتمام کریں۔ بے حد شکریہ!

والسلام
ابو عمار زاہد الراشدی
ڈائریکٹر الشریعہ اکیڈمی
مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ

خط وکتابت اور ترسیل زر کے لیے
حافظ محمد عمار خاں ناصر
الشریعہ اکیڈمی' مرکزی جامع مسجد
پوسٹ بکس ۳۳۱ گوجرانوالہ